The Absolute Reality

www.quran4u.com

Noble Quran — اَلْقُرآن الْحَکِیمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) — اردو ترجمہ بمعہ عربی (حضرت شاہ عبد القادر)

سورۃ الصّف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

.1

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۖ

اللہ کی پاکی بولتا (تسبیح کرتا) ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں،

وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ

اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

.2

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ

اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو منہ سے جو نہیں کرتے؟

.3

كَبُرَ مَقْتًا عِندَ ٱللَّهِ أَن تَقُولُوا۟ مَا لَا تَفْعَلُونَ

بڑی بیزاری (ناپسندیدہ) ہے اللہ کے ہاں، کہ کہو وہ چیز جو نہ کرو۔

.4

إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلَّذِينَ يُقَٰتِلُونَ فِى سَبِيلِهِۦ صَفًّا كَأَنَّهُم بُنْيَٰنٌ مَّرْصُوصٌ

اللہ چاہتا ہے ان کو، جو لڑتے ہیں اس کی راہ میں قطار باندھ کر، جیسے وہ دیوار ہیں سیسہ پلائی۔

وَإِذۡ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوۡمِهِۦ اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو، يَٰقَوۡمِ لِمَ تُؤۡذُونَنِي وَقَد تَّعۡلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ ٱللَّهِ إِلَيۡكُمۡۖ اے قوم میری! کیوں ستاتے ہو مجھ کو اور جانتے ہو کہ میں اللہ کا بھیجا آیا ہوں۔ فَلَمَّا زَاغُوٓاْ أَزَاغَ ٱللَّهُ قُلُوبَهُمۡۚ اور جب وہ پھر گئے، پھیر دیئے اللہ نے ان کے دل۔ وَٱللَّهُ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡفَٰسِقِينَ اور اللہ راہ (ہدایت) نہیں دیتا بے حکم لوگوں کو۔	.5
وَإِذۡ قَالَ عِيسَى ٱبۡنُ مَرۡيَمَ اور جب کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے، يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ إِنِّي رَسُولُ ٱللَّهِ إِلَيۡكُم مُّصَدِّقٗا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيَّ مِنَ ٱلتَّوۡرَىٰةِ اے بنی اسرائیل! میں بھیجا آیا ہوں اللہ کا تمہاری طرف، سچا (تصدیق) کرتا اس کو جو مجھ سے آگے (پہلے) ہے توریت (میں) وَمُبَشِّرَۢا بِرَسُولٖ يَأۡتِي مِنۢ بَعۡدِي ٱسۡمُهُۥٓ أَحۡمَدُۖ اور خوشخبری سناتا ایک رسول کی، جو آئے گا مجھ سے پیچھے اس کا نام ہے احمد۔ فَلَمَّا جَآءَهُم بِٱلۡبَيِّنَٰتِ قَالُواْ هَٰذَا سِحۡرٞ مُّبِينٞ پھر جب آیا اُن کے پاس کھلے نشان لے کر، بولے یہ جادو ہے صریح (کھلا)۔	.6

.7	وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ ٱفْتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعَىٰٓ إِلَى ٱلْإِسْلَٰمِ ۚ اور اس سے بے انصاف کون ہے جو باندھے اللہ پر جھوٹ اور اسکو بلاتے (دعوت دیتے) ہیں مسلمان ہونے کو۔ وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلظَّٰلِمِينَ اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو۔
.8	يُرِيدُونَ لِيُطْفِـُٔوا۟ نُورَ ٱللَّهِ بِأَفْوَٰهِهِمْ چاہتے ہیں کہ بجھائیں اللہ کی روشنی اپنے منہ سے۔ وَٱللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِۦ وَلَوْ كَرِهَ ٱلْكَٰفِرُونَ اور اللہ کو پوری کرنی اپنی روشنی، اور پڑے بُرا مانیں منکر۔
.9	هُوَ ٱلَّذِىٓ أَرْسَلَ رَسُولَهُۥ بِٱلْهُدَىٰ وَدِينِ ٱلْحَقِّ لِيُظْهِرَهُۥ عَلَى ٱلدِّينِ كُلِّهِۦ وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول راہ کی سوجھ (ہدایت) لے کر، اور سچا دین کہ اس کو اوپر کرے دینوں سے سب سے، وَلَوْ كَرِهَ ٱلْمُشْرِكُونَ اور پڑے بُرا مانیں شریک والے۔
.10	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَٰرَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ اے ایمان والو! میں بتاؤں تم کو ایک سوداگری، کہ بچائے تم کو ایک دُکھ کی مار (عذاب) سے۔

تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر، وَتُجَٰهِدُونَ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ بِأَمۡوَٰلِكُمۡ وَأَنفُسِكُمۡۚ اور لڑو اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے۔ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ إِن كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ یہ بہتر ہے تمہارے حق میں، اگر تم سمجھ رکھتے ہو۔	.11
يَغۡفِرۡ لَكُمۡ ذُنُوبَكُمۡ وَيُدۡخِلۡكُمۡ جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ بخشے وہ تمہارے گناہ، اور داخل کرے تم کو باغوں میں جنکے نیچے بہتی ہیں نہریں، وَمَسَٰكِنَ طَيِّبَةٗ فِي جَنَّٰتِ عَدۡنٖۚ اور ستھرے گھروں میں، بسنے کے باغوں میں۔ ذَٰلِكَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ یہ ہے بڑی مراد ملنی۔	.12
وَأُخۡرَىٰ تُحِبُّونَهَاۖ نَصۡرٞ مِّنَ ٱللَّهِ وَفَتۡحٞ قَرِيبٞۗ اور ایک اور چیز دے جس کو تم چاہتے ہو، مدد اللہ کی طرف سے اور فتح شتاب (جلدی)۔ وَبَشِّرِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ اور خوشی سنا ایمان والوں کو۔	.13

.14

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُونُوٓا۟ أَنصَارَ ٱللَّهِ

اے ایمان والو! تم ہو مددگار اللہ کے،

كَمَا قَالَ عِيسَى ٱبْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّـۧنَ مَنْ أَنصَارِىٓ إِلَى ٱللَّهِ ۖ

جیسے کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے یاروں (حواریوں) کو، کون ہے کہ مدد کرے میری اللہ کی راہ میں؟

قَالَ ٱلْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ ٱللَّهِ ۖ

بولے یار (حواری)، ہم ہیں مددگار اللہ کے،

فَـَٔامَنَت طَّآئِفَةٌ مِّنۢ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ وَكَفَرَت طَّآئِفَةٌ ۖ

پھر ایمان لایا ایک فرقہ بنی اسرائیل میں، اور منکر ہوا ایک فرقہ۔

فَأَيَّدْنَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ عَلَىٰ عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا۟ ظَٰهِرِينَ

پھر زور دیا (مدد کی) ہم نے ان کو جو یقین لائے تھے ان کے دشمنوں پر، پھر ہو رہے غالب۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com